## مجرموں کے گروہ کی تعریف

تین (3) یا اس سے زیادہ افراد جو ایک مشترکہ شناختی نشان، علامت یا قابل شناخت قیادت رکھتے ہوں اور جو مستقل یا باقاعدگی کے ساتھ مجرمانہ سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہوں۔

ٹیکساس تعزیراتی قانون سیکشن 71.01(d)

مجرموں کے گروہ ہر عمر، ہر نسل اور معاشی اور اقتصادی پس منظر رکھنے والے مردوں اور عورتوں کو اپنے اندر شامل کرتے ہیں۔

## مجرموں کے گروہ میں شامل ہونے کے خطرے کے عوامل

خطرے کے عوامل میں شامل وہ خصوصیات، حالات، اور وہ تغیرات شامل ہیں جو اگر بہم ہوں تو اس بات کا اندیشہ بڑھ سکتا ہے کہ ایک نوجوان شخص مجرموں کے گروہ میں شامل ہوجائے گا۔ اس میں شخصی خصوصیات جیسے کہ جارحانہ رویہ، یا خود اعتمادی میں کمی، گھر کے حالات مثال کے طور پر طلاق یا علیحدگی، اسکول کی طرف کم رجحان یا تعلیمی ناکامی، یا ایسے محلے میں رہائش جہاں مجرمانہ یا مجرمانہ گروہوں کی سرگرمیاں زیادہ ہوں۔ بہرحال، خطرے کے ہر منفی عامل کے ساتھ حفاظتی عوامل بھی ہوتے ہیں جو نوجوانوں کو مجرموں کے گروہ میں شامل ہونے اور مجرمانہ رویے سے بچاتے اور روکتے ہیں۔

## نوجوانوں کے مجرموں کے گروہ میں شامل ہونے کی وجوہات

نوجوان مجرموں کے گروہ میں کیوں شامل ہوتے ہیں اسکی متعدد وجوہات ہیں۔ وہ ان سے اکثر متاثر ہوتے ہیں کیونکہ وہ یقین رکھتے ہیں کہ مجرموں کے گروہ انکی ہر وہ ضرورت پوری کریں گے جو کہ پوری نہیں ہو پارہی ہیں۔ ان میں خاندان، دوستوں، اور کسی چیز سے تعلق کا احساس شامل ہے۔

نوجوانوں کے مجرموں کے گروہ میں شامل ہونے کی دوسری وجوہات:

- انہیں عزت چاہیے۔
- وہ مرتبہ اور پہچان چاہتے ہیں ۔
- انکے دوست ہیں جو مجرموں کے گروہ میں ہیں ۔
- وہ محسوس کرتے ہیں کہ انہیں دھمکانے والوں یا مخالف مجرموں کے گروہوں سے تحفظ کی ضرورت ہے
- وہ سمجھتے ہیں مجرموں کے گروہ میں ہونا دلچسپ اور سنسنی خیز ہوگا۔
- وہ منشیات، شراب، ہتھیاروں، اور جنسی عمل تک رسائی چاہتے ہیں۔
- وہ منشیات، لوٹ مار، چوری، یا دوسرے جرائم کرکے پیسہ کما سکتے ہیں۔
- وہ ایسی برادری میں رہتے ہیں یا ایسے خاندانوں سے ہوتے ہیں جہاں مجرموں کے گروہ میں شمولیت متوقع ہوتی ہے۔

## مجرموں کے گروہ میں شمولیت کے انتباہی نشانات

- غیر مانوس عرفیت اور / یا ہاتھ کے اشاروں کا استعمال
- سر پر باندھنے کے کپڑے (بینڈانا)کو ساتھ رکھنا اور اسکا خیال رکھنا
- کچھ رنگوں کو یا رنگوں کی تراکیب کو پسند کرنا جبکہ دوسروں سے اجتناب کرنا
- دیواروں پر لکھائی یا جسم پر گودوائی میں مجرموں کے گروہ کے نام، ناموں کے پہلے حروف،اعداد، تاج، دوشاخے، ستارے اور دوسرے نشانات دکھانا
- جسمانی تشدد؛ منشیات اور / یا شراب کے استعمال کی علامات
- گھر اور / یا اسکول میں نظم و ضبط کے مسائل
- اسکول سے بھاگنا اور / یا امتحانات میں کم نمبر
- بغیر وضاحت کے پیسہ، کپڑے، زیورات


## نوجوانوں کو مجرموں کے گروہوں میں شامل ہونے سے کیسے روکا جائے

مجرموں کے گروہوں کے زیادہ تر اراکین یہ کہتے ہیں کہ وہ گروہ میں اس لیے شامل ہوئے کہ کوئ بھی انکی طرف توجہ نہیں دے رہا تھا یا انہیں اس بات کی فکر نہیں تھی کہ وہ کیا کررہے ہیں یہاں تک کہ بہت دیر ہوگئی۔ والدین کا کردار ادا کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا اور نوجوان لوگ مشکل ثابت ہو سکتے ہیں، مگر نوجوانوں کو مجرموں کے گروہوں میں شامل ہونے سے روکنے کا سب سے مؤثر طریقہ یہ ہے کہ انکے ساتھ شامل ہوا جائے۔ اگر والدین اپنے بچوں کے ساتھ وقت نہیں گزاریں گے تو پھر مجرموں کے گروہ گزاریں گے۔

- نوجوانوں سے بات کیجیے اور انہیں باور کروائیے کہ آپ انکے لیے وہاں موجود ہیں۔ انکی سنیے بھی۔
- مثبت سرگرمیوں میں انکی شمولیت کی حوصلہ افزائی کیجیے
- اصول قائم کیجیے اور نظم و ضبط پر قائم رہیے
- غیر نگرانی والے وقت کو محدود کیجیے

## نشانات اور علامات

| ۳ نکات (تریس پنتوس) "میری دیوانی زندگی" | آنسو کا قطرہ | رومی عدد 13 | 5 نقطوں والا تاج | 3 نقطوں والا تاج | 5 نقطوں والا ستارہ | 6 نقطوں والا ستارہ | نیچے کی طرف بنا ہوا دوشاخہ | اوپر کی طرف بنا ہوا دوشاخہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|



# گینگس 101

## مجرموں کے گروہوں کے بارے میں آپکو کیا جاننا چاہیے

## سٹی آف ہیوسٹن

## مجرموں کے گروہوں کے انسداد کیلیے میئر کا دفتر

مجرموں کے گروہ کے انسداد کیلیے میئر کا دفتر ان نوجوانوں کیلیے جو خطرے پر ہوں بچاؤ کے پروگرام بناتا ہے، جو گروہ میں شامل ہوچکے ہیں، مجرمانہ رویہ رکھنے والے اور قانون سے ٹکرانے والے نوجوانوں کیلیے مداخلت کی خدمات مہیا کرتا ہے، نوجوانوں کی خدمات کے ماہرین کو گروہی سرگرمیوں اور بچپن میں مجرمانہ رویے کے لیے جامع جواب کیلیے ٹریننگ دیتا ہے، اور برادری کے اراکین کو انتباہی اشاروں اور مجرمانہ رویے کی نشانیوں کے پہچاننے سے آگاہی کیلیے تمثیلی پروگرام کرتا ہے۔

## توضیحی مقصد

مجرموں کے گروہوں کے انسداد کیلیے میئر کے دفتر کا مقصد نوجوانوں، خاندانوں اور برادری کے حصہ داروں کی بلا واسطہ خدمات، تعاون، تعلیم، اور آگاہی اور پالیسی کے ترتیب دینے کے ذریعے گروہوں میں شمولیت اور بچپن کے مجرمانہ رویے سے بچاؤ، مداخلت اور اسکے سد باب میں مدد ہے۔

## آپ کیا کرسکتے ہیں اگر آپکو گروہی شمولیت / سرگرمیوں کا شبہ ہو

اپنے آپ کو گروہوں اور گروہی کلچر سے آگاہ کیجیے تاکہ آپ انتباہی اشاروں کو پہچان پائیں۔ مجرموں کے گروہوں کے انسداد کا دفتر آپکی آگاہی کی معلومات اور تربیت میں مدد کرسکتا ہے۔

- نوجوان لوگوں سے گروہ میں شمولیت کے خطرات اور نتائج پر بات چیت کیجیے۔
- مجرموں کے گروہوں سے متعلق رویے یا گروہ سے تعلق کے اظہار کی اجازت مت دیجیے۔
- اپنے محلے اور اپنے طالبعلم کے اسکول میں مجرموں کے گروہوں سے متعلق جرائم اور سرگرمیوں کی سطح کے بارے میں جاننے کیلیے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رابطہ کیجیے۔
- ان تنظیموں کیلیے سفارشی خط حاصل کرنے کیلیے ، جن کو گروہی اور دوسرے مجرمانہ رویے سے تعلق رکھنے والے مسائل کو حل کرنے کا تجربہ ہے، نوجوانوں کی خدمات کے فراہم کنندگان یا اسکول کے مشیران سے رابطہ کیجیے۔

مجرموں کے گروہوں کے انسداد کیلیے ہیوسٹن شہر کے میئر کا دفتر
محکمہ برائے محلہ جات

P.O. Box 1562 • Houston, Texas 77251-1562
فون : (832) 393-0931 • فیکس : (832) 393-0903
www.houstontx.gov/antigang